www.KitaboSunnat.com



نوجوانوں کی شہادت کا ڈھنڈورا پیٹیں، متحد ہو کر لڑیں تاکہ ان کی قوت مجتمع رہے اور صرف اللہ کے دین کو غلبہ حاصل ہو نہ کہ شخصیات کو۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ واطیعوا اللہ ورسولہ ولا تنازعوا فتفشلوا وتذھب ریحکم واصبروا ان اللہ مع الصابرین ﴾ (الانفال: ۶۴)

وما توفیقی الا باللہ

# وہ عالمِ اہلِ عالم میں بڑا مجہول ہوتا ہے

عبدالرحمن عاجز مالیر کوٹلوی

بیان ایسا کہ جو قرآن سے منقول ہوتا ہے
ہر اہل عقل و دانش کے لئے معقول ہوتا ہے

بشر کا قول جو ہوتا ہے وہ معمول ہوتا ہے
فرشتوں کے دفاتر میں وہ سب منقول ہوتا ہے

عمل وہ جو ریاء و حرص و لالچ سے مبرا ہو
وہی اس بارگاہ ناز میں مقبول ہوتا ہے

کشش منصب میں کیا ہے اور کیا وقعت ہے منصب کی
وہی جانے کسی منصب سے جو معزول ہوتا ہے

کسی گھر میں برائی گرچہ اہل بیت کرتے ہیں
مگر خود سربراہ بیت بھی مسئول ہوتا ہے

ہر اہل ملک کا معمول بن جاتا ہے ویسا ہی
کہ جیسا سربراہ ملک کا معمول ہوتا ہے

خطاب ایسا نہیں نافع بیاں ایسا نہیں بہتر
نصیحت کی بجائے جس میں طنز و طول ہوتا ہے

نہ جس کا قول ہی محکم نہ جس کا فعل ہی احسن
وہ عالم اہل عالم میں بڑا مجہول ہوتا ہے

خدا کے ہاں ملے گا مرتبہ اس کو شہادت کا
جو اپنی آبرو کے واسطے مقتول ہوتا ہے

گنہ کے بعد دل میں شرم ہو لب پر اگر توبہ
گنہ اس کا وہ اس کی سہو پر محمول ہوتا ہے

سمجھتا ہے جو انسان لمحہ لمحہ قیمتی اپنا
وہ کب بے فائدہ اشغال میں مشغول ہوتا ہے

فریب زندگی اس وقت کھل جاتا ہے اے عاجزؔ
کہ جب انسان کو پیغام اجل موصول ہوتا ہے



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ